IBL HEALTHCARE
A SEARLE Subsidiary

# آئی بی ایل ہیلتھ کیئر لمیٹڈ

## اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

بذریعہ ہٰذا اطلاع دی جاتی ہے کہ آئی بی ایل ہیلتھ کیئر لمیٹڈ کے شیئر ہولڈرز کا ۲۶واں سالانہ اجلاس عام بروز جمعہ ۲۷ اکتوبر ۲۰۲۳ سہ پہر ۳:۳۰ بجے بذریعہ وڈیولنک سہولت کے ذریعے مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد کیا جائے گا:

**عمومی کارروائی**

ا۔ ۸ جون ۲۰۲۳ء کو منعقد کئے گئے غیر معمولی اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق۔

۲۔ ۳۰ جون ۲۰۲۳ء کو ختم ہونے والے سال کے لئے آڈٹ شدہ مالی حسابات مع ان پر ڈائریکٹرز اور انڈیپنڈنٹ آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غور و خوض اور منظوری۔

کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۲۲۳ اور ایس آر او ۳۸۹(ا)/۲۰۲۳ مورخہ ۲۱ مارچ ۲۰۲۳ء کے مطابق کمپنی کے مالیاتی حسابات کمپنی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کیے جا رہے ہیں جن کو درج ذیل لنک اور QR فعال کوڈ سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

https://www.iblhc.com/assets/documents/investorrelations/55/

۳۔ ۳۰ جون ۲۰۲۴ء کو ختم ہونے والے مالیاتی سال کیلئے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے معاوضے کا تعین۔ موجودہ آڈیٹرز اے۔ ایف۔ فرگوسن اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس سبکدوش ہو رہے ہیں اور اہل ہونے کی بناء پر انہوں نے خود کو دوبارہ تقرری کیلئے پیش کیا ہے۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے ان کی دوبارہ تقرری کی سفارش کی ہے۔

**خصوصی کارروائی**

۴۔ ہر ایک موجودہ ۱۰۰ شیئرز کیلئے ۲۰ شیئر کے تناسب یعنی ۲۰ فیصد بونس شیئرز کے اجراء کی منظوری، جیسا کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے سفارش کی ہے، اور اگر درست تصور کیا جائے تو اس سلسلے میں درج ذیل قراردادوں کو عمومی قرارداد کے طور پر ترمیم یا بلا ترمیم منظور کرنا:

''**قرار پایا کہ** کمپنی کے غیر مختص منافع جات سے ۲۷۶،۹۱،۷۴۲،۱۴۲ روپے کی رقم کو سرمائے میں تبدیل کیا جائے اور فی ۱۰ روپے مالیت کے ۱۲۷،۹،۲۷۴،۱۴ عمومی شیئرز کے اجراء میں استعمال کیا جائے اور ۱۲۰ اکتوبر ۲۰۲۳ء کو کمپنی کی کتب میں درج شدہ ممبران کو ہر ۱۰۰ عمومی شیئرز کی ملکیت پر ۲۰ شیئرز کے تناسب میں بطور مکمل ادا شدہ بونس شیئرز الاٹ کر دیئے جائیں اور یہ کہ مذکورہ نئے شیئرز موجودہ شیئرز سے مساوی حیثیت کے ہوں گے۔

**مزید قرار پایا کہ** کسی بھی ممبر کے شیئر کے کسری تناسب میں استحقاق کا حامل ہونے کی صورت میں ڈائریکٹرز کو اختیار دیا جائے اور بذریعہ ہٰذا دیا جاتا ہے کہ وہ ایسے کسری تناسب کو اکٹھا کریں اور شیئرز کے اس مجموعے کو اسٹاک مارکیٹ میں فروخت کر کے اس سے حاصل شدہ رقم کو کسی بھی ایسے تسلیم شدہ امدادی ادارے میں عطیہ کر دیں جسے کمپنی کے ڈائریکٹرز کی جانب سے منتخب کیا گیا ہو۔

**مزید قرار پایا کہ** کمپنی سیکریٹری کو اختیار دیا جائے اور بذریعہ ہٰذا اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ مذکورہ بونس شیئرز کی الاٹمنٹ اور تقسیم کے سلسلے میں کمپنی کی جانب سے ایسے تمام ضروری اقدامات کریں جن کو وہ ضروری تصور کرتے ہوں۔''

۵۔ ۳۰ جون ۲۰۲۳ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے درج ذیل خصوصی قرارداد کی ترمیم یا بلا ترمیم منظوری کے ذریعے متعلقہ پارٹیز کے ساتھ انجام دی گئی معالمت کی توثیق اور اس کی منظوری:

''**قرار پایا کہ** متعلقہ پارٹیوں کے ساتھ انجام دی جانے والی معالمت، جیسا کہ ۳۰ جون ۲۰۲۳ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے مالیاتی حسابات کے نوٹ ۳۲ میں واضح کر دیا گیا ہے اور کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۳۴(۳) کے تحت ضروری معلومات کے بیان میں درج ہے، اس کی توثیق کی جائے اور بذریعہ ہٰذا اس کی توثیق، منظوری اور تصدیق کی جاتی ہے۔''

۶۔ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو درج ذیل خصوصی قرارداد کو ترمیم یا بلا ترمیم منظور کرنے کے ذریعے ۳۰ جون ۲۰۲۴ء کو ختم ہونے والے مالیاتی سال کیلئے متعلقہ پارٹیوں کے ساتھ کی جانے والی معالمت کی منظوری کا اختیار دیا جائے:

''**قرار پایا کہ** کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو اختیار دیا جائے اور بذریعہ ہٰذا اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ سالانہ اجلاس عام کے اختتام تک کی مدت کیلئے متعلقہ پارٹیوں کے ساتھ کیس۔ٹو۔کیس کی بنیاد پر تمام تر معالمت کی منظوری دیں۔

**مزید قرار پایا کہ** بورڈ کی جانب سے ان معالمت کو شیئر ہولڈرز کی جانب سے منظور شدہ تصور کیا جائے گا اور ان کی باقاعدہ توثیق اور منظوری کے لئے آئندہ سالانہ اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز کے روبرو پیش کیا جائے گا۔''

**دیگر کارروائی**

۷۔ صدرِ اجلاس کی اجازت سے کسی دیگر کارروائی کی انجام دہی۔

کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۳۴(۳) کے تحت درج بالا خصوصی کارروائی پر مشتمل ضروری حقائق کا ایک بیان ممبران کو اجلاس کے اس نوٹس کے ساتھ ارسال کیا جا رہا ہے۔

حسب الحکم بورڈ

**حسین مرتضیٰ**

کمپنی سیکریٹری

کراچی

۶ اکتوبر ۲۰۲۳ء

**نوٹ:**

**اے۔ کتاب کی بندش**

شیئر ٹرانسفر بکس ۲۱ اکتوبر ۲۰۲۳ء تا ۲۷ اکتوبر ۲۰۲۳ء (بشمول ہر دو یوم) ۲۰ فیصد بونس شیئرز کی غرض سے بند رہیں گی۔ وہ ٹرانسفرز جو ہر طرح سے مکمل صورت میں ۲۰ اکتوبر ۲۰۲۳ء کو کاروباری اوقات کے اختتام تک کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے دفتر، سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، ۹۹۔ بی، بلاک۔ بی، ایس۔ ایم۔ سی۔ ایچ۔ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی۔ ۷۴۴۰۰ کو موصول ہو جائیں گے انہیں سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت اور بونس شیئرز کے استحقاق کیلئے بروقت تصور کیا جائے گا۔

**بی۔ بذریعہ وڈیولنک سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کی سہولت**

کمپنی کا ارادہ ہے کہ سالانہ اجلاسِ عام (اے جی ایم) بذریعہ وڈیولنک سہولت زیرِ انتظام تیسری منزل، ون آئی بی ایل سینٹر، پلاٹ نمبر 1، بلاک 7 اور 8، ٹیپو سلطان روڈ، آف شاہراہِ فیصل، کراچی میں اپنے اسٹیک ہولڈرز کی سیفٹی اور تحفظ کو مدنظر رکھتے ہوئے منعقد کی جائے۔ وڈیولنک کی سہولت کے ذریعے اجلاس ملک میں موجودہ میکرو اکنامک اور آشوبِ چشم کی کراچی میں وبائی صورتحال کے پیش نظر کمپنی کی جانب سے کئے گئے حفاظتی و سہل ترین اقدامات کے تحت کیا جا رہا ہے۔ ان تمام صورتحال کے باعث کمپنی نے پلان کیا ہے کہ سالانہ اجلاسِ عام کو الیکٹرونکی طریقہ کار کے ذریعے منعقد کیا جائے اور اسٹیک ہولڈرز کے تحفظ اور دیکھ بھال پر کوئی مفاہمت نہ کی جائے اور ممبران کی بڑی تعداد کو ملک بھر میں رہائش کی اجازت دی جائے۔ اس تذکرے کی ضرورت کے بغیر کہ کورونا ایس او پیز اب وسیع بنیاد پر موجودہ حالات میں غیر ضروری ہیں اور ان پر عمل اب کمپنی کے مذکورہ بالا مسائل کا حصہ نہیں ہیں۔

ایسے شیئر ہولڈرز جو سالانہ اجلاسِ عام (اے جی ایم) میں ورچوئل شرکت کے خواہشمند ہوں ان کو بذریعہ ہٰذا ہدایت کی جاتی ہے کہ درج ذیل معلومات بذریعہ ای میل hussain.murtaza@iblhc.com پر فوری طور پر زیادہ سے زیادہ سالانہ اجلاسِ عام کے مقررہ وقت سے ۴۸ گھنٹے قبل تک یعنی ۲۵ اکتوبر ۲۰۲۳ء شام ۳:۳۰ بجے سے قبل فراہم کر کے کمپنی کے پاس خود کو رجسٹرڈ کرا لیں۔

| شیئر ہولڈر کا نام | سی این آئی سی نمبر | فولیو نمبر/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | شیئرز کی تعداد | موبائل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

آن لائن میٹنگ لنک اور لاگ اِن کی تفصیلات صرف ان ممبران کو فراہم کر دی جائیں گی جو اجلاس میں شرکت سے متعلق تمام مطلوبہ کوائف درج بالا کے مطابق ۲۵ اکتوبر ۲۰۲۳ء شام ۳:۳۰ بجے سے قبل فراہم کر دیں گے۔

تمام ممبران کو سالانہ اجلاس عام میں شرکت کرنے، اظہارِ خیال کرنے اور ووٹ دینے کا حق حاصل ہے۔ کوئی بھی ممبر اپنی جگہ شرکت کرنے، اظہارِ خیال کرنے اور ووٹ دینے کیلئے ایک پراکسی کا تقرر کر سکتا/کر سکتی ہے، پراکسی کے لئے کمپنی کا ممبر ہونا ضروری نہیں، موثر العمل ہونے کیلئے پراکسیز کمپنی کے رجسٹرڈ آفس، دوسری منزل، ون آئی بی ایل سینٹر، پلاٹ نمبر ۱، بلاک ۷ اور ۸، ٹیپو سلطان روڈ، آف شاہراہِ فیصل، کراچی۔ ۷۵۵۳۰ میں اجلاس سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل لازماً موصول ہو جائیں۔

شیئرز کے کسی بھی انفرادی بینیفیشل اونر کو اپنا اصل سی این آئی سی یا پاسپورٹ، اکاؤنٹ اور پارٹیسپنٹ کا آئی ڈی نمبرز اپنی شناخت ثابت کرنے کے لئے ہمراہ لانے ہوں گے۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد اور/یا پاور آف اٹارنی مع نامزد کردہ کے نمونہ دستخط (اگر یہ پہلے جمع نہ کرائے گئے ہوں) کمپنی کو پراکسی فارم کے ساتھ فراہم کرنا ہوں گے۔

**سی۔ وڈیو کانفرنس کی سہولت کیلئے درخواست**

ایس ای سی پی کے سرکلر نمبر ۱۰ بابت ۲۰۱۴ مورخہ ۲۱ مئی ۲۰۱۴ء ساتھ ملا کر پڑھیں ایکٹ کی دفعہ ۱۳۴(ا)(بی) کے تحت شامل شقوں کے مطابق اگر کمپنی کو کسی ایک جغرافیائی مقام پر مقیم مجموعی طور پر ۱۰ فیصد یا زائد شیئر ہولڈنگ کے حامل ممبران کی جانب سے کمپنی کو اجلاس میں بذریعہ وڈیو کانفرنس شرکت کیلئے درخواست/مطالبہ اجلاس کی تاریخ سے ۱۰ دن قبل ارسال کی گئی تو کمپنی اس شہر میں وڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتظام کر دے گی جو اس شہر میں اس سہولت کی دستیابی سے مشروط ہے۔

> میں/ہم ________ سکنہ ________ بحیثیت ممبر آئی بی ایل ہیلتھ کیئر لمیٹڈ کے ایک ممبر حامل ________
> عمومی شیئرز بمطابق رجسٹر فولیو نمبر ________ بذریعہ ہٰذا بمقام ________
> وڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرنے کے خواہشمند ہیں۔
> ________
> ممبر کے دستخط

کمپنی مطلوبہ معیار پر پورا اترنے کی صورت میں ممبران کو وڈیو کانفرنس کے مقام بشمول اس سہولت تک ان کی رسائی کے بارے میں تمام ضروری و مکمل معلومات سے اجلاس عام کی تاریخ سے کم از کم ۵ دن قبل آگاہ کر دے گی۔

**ڈی۔ مالیاتی حسابات اور سالانہ اجلاسِ عام کے نوٹس کی الیکٹرونک ترسیل**

وہ ممبران جو مالیاتی حسابات اور سالانہ اجلاسِ عام کے نوٹس بذریعہ ای میل وصول کرنا چاہتے ہیں ان سے درخواست ہے کہ وہ کمپنی کی ویب سائٹ www.iblhc.com پر دستیاب اسٹینڈرڈ درخواست فارم پر اجازت نامہ ارسال کریں تا کہ وہ اس سہولت سے استفادہ حاصل کر سکیں۔ مالیاتی حسابات اور سالانہ اجلاسِ عام کے نوٹس کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہیں۔

**ای۔ پوسٹ بیلٹ/ای۔ ووٹنگ**

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، ۲۰۱۸ کے مطابق کسی بھی ایجنڈا آئٹم کی منظوری کے مقصد کیلئے ممبران کو اجازت دی جائے گی کہ وہ اپنا ووٹ بذریعہ پوسٹل بیلٹ یعنی بذریعہ ڈاک یا ای ووٹنگ مذکورہ بالا ریگولیشنز میں درج شرائط کے مطابق استعمال کر سکیں۔

**ایف۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ میں فزیکل شیئرز کا جمع کرانا**

کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۷۲ کے مطابق ہر ایک لسٹڈ کمپنی کے لئے یہ لازم ہے کہ اپنے فزیکل شیئرز کو بک اینٹری فارم کی صورت میں تبدیل کرے۔ لہٰذا فزیکل صورت میں شیئرز کے حامل شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ اپنے شیئرز کو بک اینٹری کی صورت میں منتقل کرا لیں۔

**جی۔ پتے کی تبدیلی**

ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے پتوں میں کسی بھی تبدیلی، اگر کوئی ہو، کے بارے میں فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، ۹۹۔ بی، بلاک۔ بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی۔ ۷۴۴۰۰ کو مطلع کریں۔